© rasailojaraid.com



# مطبوعات

"رسالہ" بزبان انگریزی تالیف: حضرت امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مرتب و مترجم: ڈاکٹر طفیل آئی سیمان صاحب ایم، اے، پی، ایچ، ڈی۔ شائع کردہ: شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور۔

حضرت امام شافعیؒ کی شخصیت دنیائے اسلام میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اسلامی فقہ کی ترتیب و تدوین میں امام صاحب نے جو قابلِ قدر خدمات سرانجام دی ہیں اُن کے بارِ گراں سے امتِ مسلمہ کبھی بھی سبکدوش نہیں ہو سکتی۔ امام موصوف کے ارشادات ایک ایسا بیش قیمت علمی ترکہ ہے جس پر ملتِ بیضا نے ہمیشہ بجا طور پر فخر محسوس کیا ہے اور ان کے اندازِ فکر سے رہنمائی حاصل کی ہے۔ زیرِ نظر کتاب "الرسالہ" امام صاحب کے چند بنیادی افکار کا قیمتی مجموعہ ہے۔ فاضل مترجم نے کتاب میں "الرسالہ" کے اُن حصّوں کا ترجمہ پیش کیا ہے جو ناسخ و منسوخ کی بحثوں پر مشتمل ہیں اور کتاب کے باقی مباحث کو بڑے اختصار کے ساتھ مقدمہ میں درج کر دیا ہے۔

امام صاحبؒ کے یوں تو سارے افکار و تصورات ہی بنیادی اہمیت کے حامل ہیں لیکن خاص طور پر ان میں "عقیدہ ختم نبوت" اور اسلام میں سنت نبوی کی حیثیت پر بڑے ایمان افروز حقائق پر مشتمل ہیں:۔

"ایک مومن کو سنتِ نبوی کی بھی اُس جذبہ کے ساتھ پیروی کرنی چاہیے جس جذبہ کے ساتھ کہ وہ کتاب الٰہی کی پیروی کرتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو کتاب و حکمت دونوں سے نوازا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ اس سے یہ حقیقت منکشف ہو جاتی ہے کہ حکمت سے مراد سنتِ نبوی ہی ہے۔ اس بنا پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو حکم دیا ہے اُس کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی طرف سے عین فرض ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے خود اس بات کا حکم صادر فرمایا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی ہی خدا کی اطاعت ہے اور آپ سے رُو گردانی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے (ص ۲۴-۲۵)

اس کتاب کے مطالعہ کے وقت دو ایک چیزیں ایسی کھٹکتی ہیں جن کی اگر آئندہ ایڈیشن میں اصلاح ہو جائے تو بہت بہتر ہو گا۔ ایک تو امام صاحب کے افکار و نظریات کو اتنے اختصار سے پیش کیا گیا ہے کہ ان کا مجموعی تاثر کافی کمزور رہتا ہے۔ پھر ان کے درمیان اُس معنوی ربط کو بھی قائم کرنے کی کوشش نہیں کی گئی جو اس قسم کی عالمانہ تحریروں کی جان ہوتا ہے۔ کتاب کے مرتب اور مترجم ایک فاضل آدمی معلوم ہوتے ہیں لیکن انہوں نے آغاز میں ایک سرسری سا مقدمہ لکھنے پر اکتفا کیا ہے جس کو پڑھنے کے بعد ایک قاری تشنگی محسوس کرتا ہے۔ مثال کے طور پر انہوں نے الرسالہ کی علمی حیثیت پر صرف شاکر صاحب اور رازی صاحب کی دو آراء درج کر دی ہیں۔ انہوں نے یہ بحث اٹھائی ہے کہ بعض اہلِ علم اس کتاب کو امام شافعیؒ کی تصنیف ماننے سے انکار کرتے ہیں لیکن اس کے حق میں، یا اس کے خلاف انہوں نے کوئی دلیل پیش نہیں کی اور جس رسمی انداز سے اس بحث کو چند فقروں میں سمیٹا ہے وہ ان کے بلند علمی مرتبہ کے شایانِ شان معلوم نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر یہ فقرہ ملاحظہ فرمائیں:

"جہاں ایک طرف ہمیں ایک ایسی روایت ملتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسالہ امام صاحب کی تصنیف نہیں وہاں ہمیں اس کے برعکس بھی بیسیوں روایات مل جاتی ہیں" (ص ۹)

اس اندازِ بیان کو کسی طرح تحقیقی نہیں کہا جا سکتا۔ پھر بعض مقامات پر اس انداز سے ترجمہ کیا گیا ہے کہ مطلب اُلجھ کر رہ جاتا ہے۔ مثلاً یہ:

"حدیث کی صحت اُس وقت ہمیشہ محلِ نظر ہوتی ہے جب اُس کے رواۃ کی تعداد معقول حد سے تجاوز کر جائے" (ص ۲۹)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ان چند چیزوں کے باوجود جن کی حیثیت محض گزارشات کی ہے، کتاب بڑی قابلِ قدر ہے اور اس کے ایک ایک حرف سے ہمارے اسلاف کی علمی ثقاہت جھلکتی ہے۔

شیخ صاحب نے اس کتاب کو اپنے روایتی اونچے معیار کے مطابق طبع کرایا ہے۔ کتاب کے صفحات ۶۹ ہیں اور قیمت ۵ روپے جو زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

**اقبال کا نظریۂ اخلاق** تالیف پروفیسر سعید احمد رفیق، ایم، اے گورنمنٹ کالج کوئٹہ۔ شائع کردہ: ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور۔ صفحات ۴۲۱۔ قیمت چار روپے۔

زندگی میں اخلاق کی ضرورت اور اہمیت سے کوئی ہوشمند انسان صرفِ نظر نہیں کر سکتا۔ اخلاق دراصل اُن اصولوں اور ضابطوں کا نام ہے جن کے مطابق انسانی افعال و اعمال پر نیک و بد، محمود و مذموم کا حکم لگایا جا سکتا ہے اور اُن کی قدر و قیمت متعین ہوتی ہے۔

پروفیسر سعید احمد رفیق صاحب نے اپنی کتاب میں اخلاقی اصول و نظریات پر کافی سیر حاصل اور مفید بحث کی ہے۔ لیکن بیجا نہ ہوگا اگر ہم اس سلسلہ میں ان کی خدمت میں چند گزارشات پیش کریں۔ ایک تو یہ کہ انہوں نے اقبال کی طرف سے اخلاقی قدر اعلیٰ "خودی" کو قرار دیا ہے۔ حالانکہ یہ فیصلہ علامہ اقبال مرحوم کے ساتھ سراسر زیادتی ہے۔ اقبال کے نزدیک ایک سچے مسلمان کی حیثیت سے منزلِ مقصود "خودی" یا "انا" نہیں بلکہ رضائے الٰہی ہے۔ "استحکامِ خودی" یا "ارتقائے خودی" قربِ الٰہی کا صرف ایک ذریعہ ہے، مقصد نہیں۔ ان کا خیال تھا کہ ناپختہ خودی اور خام قسم کا انا خدا تک رسائی نہیں حاصل کر سکتا اور نہ خلافت فی الارض کے تمام فرائض بوجوہ احسن ادا کر سکتا ہے۔ فاضل مصنف نے ہر جگہ خودی کو ہی علامہ مرحوم کا منتہائے مقصود بنایا ہے۔ افسوس ہے کہ جس چیز کو اقبال مرحوم نے ذریعہ کی حیثیت سے پیش کیا ہے اُسے پروفیسر صاحب نے اصل منزل سمجھ لیا ہے۔ فاضل مصنف پیش لفظ میں ارشاد فرماتے ہیں:

"انہوں نے (علامہؒ نے) اخلاقی معیار کو ایک ام الفضائل کی شکل میں پیش کیا ہے۔"

© rasailojaraid.com